شان صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

شاعر اسلام قاری تاج محمد شاکر (پتوکی)

دین نبیؐ چمکایا یار صحابہؓ نے	بھٹکے ہوؤں کو راہ پایا یار صحابہؓ نے
جو فرمان ہوا قرآن میں جاری	کر کے وہی دکھلایا یار صحابہؓ نے
کیا اسلام پر قربان مال و زر	وحدت کا جام پلایا یار صحابہؓ نے
خدا شاہد صحابہؓ سارے عادل تھے	ٹکٹ جنت کا پایا یار صحابہؓ نے
مخالف انکا کوئی بھی ہو ، گمراہ ہے	اسلام پہ خون بہایا یار صحابہؓ نے
نبی نے جن کی تربیت کی ہر ہر جاہ	وہی سبق سکھایا یار صحابہؓ نے
بے دینی کی ظلمت میں علَم توحید	گھر گھر لہرایا یار صحابہؓ نے
ہر ابلیس کے فتنے کی سرکوبی کی	موت کی نیند سلایا یار صحابہؓ نے
بدر و اُحد، تبوک کے میدانوں میں	خوب لہو گرمایا یار صحابہؓ نے
غیر اللہ کی گردنیں کاٹ کر رکھ دیں	ہر طاغوت گرایا یار صحابہؓ نے
قسم خدا کی جنتی ہیں اصحابؓ نبیؐ	تاجؔ دین پھیلایا یار صحابہؓ نے
ان کو گالی دینا نبیؐ کو گالی ہے	کیونکہ نبی کا جھنڈا اٹھایا یار صحابہؓ نے
نبیؐ پہ گھر بار لٹایا یار صحابہؓ نے	یہیں اللہ فرمایا یار صحابہؓ نے